کتاب نما

قرآنیات پر نئی کتابیں

ادارہ

نباتات قرآن : ایک سائنسی جائزہ، تالیف: ڈاکٹر محمد اقتدار حسین فاروقی، ناشر: سدرہ پبلشرز، نعمت اللہ بلڈنگ، نعمت اللہ روڈ، امین آباد، لکھنؤ، سنہ اشاعت ۱۹۸۹ء صفحات: ۱۸۴، قیمت سو روپئے۔

قرآن مجید میں کچھ درختوں اور پودوں کا ذکر آیا ہے۔ ان پودوں کی نوعیت اور ان کی خصوصیات کے بارہ میں پہلے بھی تفاسیر و قرآنی لغات میں بہت کچھ لکھا گیا ہے، لیکن اس موضوع پر یہ اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے، اس میں قرآن مجید میں مذکور تقریباً تمام ہی نباتات کا خالص سائنسی نقطہ نظر سے جائزہ لیا گیا ہے۔ مصنف نے موجودہ سائنسی علم کی روشنی میں قرآنی پودوں کی نباتاتی پہچان، کیمیائی ہیئت، طبی خصوصیات نیز ان کی تاریخی اہمیت کا جائزہ لیا ہے۔ اس کے علاوہ ان سے متعلق تاریخی مصادر اور روایات و حکایات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔

کتاب میں سب سے پہلے نباتات کا قرآنی نام، اس کے بعد بالترتیب مختلف زبانوں میں اس کے نام، اور نباتاتی نام بیان کیا گیا ہے۔ اس سلسلہ کی تمام آیات مع ترجمہ دینے کے بعد مؤلف نے خود اپنی تحقیقات پیش کی ہیں۔

القرآن معجزة العصور

اس اہم کتاب کی اشاعت ڈاکٹر عبدالمنعم خفاجی، ڈاکٹر عبدالعزیز شرف، ڈاکٹر علی علی صبح اور استاذ عبدالعظیم شبلی پر مشتمل ایک کمیٹی کی زیر نگرانی انجام پذیر ہوئی۔ یہ کتاب اپنے طرز استدلال میں جائز بنیادوں پر اعتماد کرتی ہے۔